# Resource Hacker




## Introduction

**السلام وعلیکم!**

دوستو! کیا حال ہے؟ امید کی جاتی ہے کہ تمام اراکین آئی ٹی دنیا خیر وعافیت سے زندگی گزار رہے ہوں گے۔ دوستو! آج سے تقریباً تین ماہ پہلے میں نے ایک دوست کے کمپیوٹر کی سسٹم پراپرٹی دیکھی تھی جو کہ بہت خوبصورت طریقے سے ایڈٹ کی گئی تھی اس وقت میرا دل بھی چاہا کہ میں بھی ایسی ہی سسٹم پراپرٹی ایڈٹ کروں لیکن یہ اتنا آسان نہ تھا اس لیے میں نے انٹرنیٹ پر بہت زیادہ سرچنگ کی اور آج اللہ کے شکر سے میں اس قابل ہو گیا ہوں کہ ونڈوز کی فائلوں کو ایڈٹ کر سکوں اور آپ کے ساتھ اپنے نالج کو شیئر کر سکوں۔

تو دوستو! "Resource Hacker" ایک ایسا سوفٹ ویئر ہے جو آپ کو ہر طرح کی ونڈوز ایڈیٹنگ کی سہولت فرہم کرتا ہے۔ اور جس طرح آپ کا دل چاہے آپ ونڈوز کی فائلوں کو ایڈٹ کر سکتے ہیں۔ مثلاً سسٹم پراپرٹی، رن بوکس، بوٹ سکرین، لوگون سکرین، کاپی بوکس اور مینو وغیرہ چینج کر سکتے ہیں یہ آپ کو ہر طرح کی ایڈیٹنگ کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

تو سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے "Resource Hacker" کو ڈاؤن لوڈ کریں تا کہ ہم باقاعدہ کورس شروع کر سکیں۔ تو دوستو! آج کے اس تھریڈ میں میں آپ کو "Resource Hacker" کی چند ابتدائی باتوں کے بارے میں بتاؤں گا۔ جب ہم "Resource Hacker" میں کوئی فائل کھولتے ہیں تو وہ مندرجہ ذیل مختلف Directories پر مشتمل ہوتی ہے۔



# Page No.2

## Directories

مثلاً AVI, Cursor, Bitmap, Icon, Menu, Dialog, String Table, Accelerators, Version Info وغیرہ

**AVI**: اس Directory میں AVI فائلز ہوتی ہیں۔

**Cursor**: اس Directory میں Cursors ہوتے ہیں۔


**Bitmap**: اس Directory میں Bitmap تصویریں ہوتی ہیں۔

**Icon**: اس Directory میں فائل کے Icons ہوتے ہیں۔

**Dialog**: اس Directory میں مختلف قسم کے ڈائیلوگ بوکس ہوتے ہیں۔

**Accelerators**: اس Directory میں پروگراموں کی شارٹ کٹ کیز ہوتی ہیں۔

اگر آپ کسی Resource کو دیکھنا چاہتے ہیں تو اس پر کلک کریں وہ فائل Expend ہو جائے گی تو آپ اس پر کلک کر کے Resourece دیکھ سکتے ہیں مثلاً




اصل میں ہر Resource تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

۱۔ (Resource Type) فائل میں ریسورس ایڈ کرتے وقت اس فائل کی Extention لکھتے ہیں مثلاً Bitmap,AVI,Cursor,Icon وغیرہ

۲۔ (Resource Name) جس فائل میں ریسورس ایڈ کرتے ہیں اس فائل کا نام ایڈ کرتے ہیں۔

۳۔ (Resource Language) اس میں ریسورس لینگویج کا نمبر 1033 درج کرتے ہیں۔

مزید وضاحت کے لیے مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔




پیارے دوستو! آج کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ آپ لوگوں سے Request ہے کہ ریپلائی ضرور کیجیے گا۔ تا کہ پتا چل سکے کہ آپ لوگ اس کورس میں کتنی دلچسپی رکھتے ہیں۔

اگلے تھریڈ میں ہم انشاء اللہ سسٹم پراپرٹی ایڈٹ کرنا سیکھیں گے۔

آپکی ریپلائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

# Resource Hacker



## Part 2----حصہ دوم

### السلام وعلیکم

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ تمام اراکین آئی ٹی دنیا فٹ فاٹ ہوں گے۔ دوستو! "Resource Hacker" کی پہلی کلاس میں میں نے آپ کو بنیادی باتوں کے بارے میں بتایا تھا اور میں نے آپ سے کہا تھا کہ اگلی کلاس میں ہم "My Computer" کی سسٹم پراپرٹی ایڈٹ کریں گے۔ تو جناب شروع کرتے ہیں آج کی کلاس۔ تو سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں پھر ہم کام شروع کرتے ہیں۔

دوستو! آج جو ہم سسٹم پراپرٹی چینج کرنے والے ہیں وہ اس طرح کی ہوگی---------





### اچھی لگی نا!

۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں /:C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SYSDM.CPL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔





دوستو! آپ نے سب سے پہلے جو اوپر دیے گئے لنک سے پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اب اس زپ فائل کو ایکسٹریکٹ کریں اس میں تین فولڈر ہوں گے۔۔

1۔ (Oem Files) 2۔ (Pictures) 3۔ (System Code) انکے ذریعے ہم آج کا پروجیکٹ تیار کریں گے۔

2۔اب ہماری مطلوبہ فائل اوپن ہوگئی ہے۔اب آپ سب سے پہلے "Bitmap" پر کلک کریں پھر اس کے ذیلی مینو میں سے "1" پر کلک کریں پھر "1033" پر کلک کر کریں آپ کو دائیں طرف تصویر نظر آئے گی اب ہم نے اس تصویر کو چینج کرنا ہے۔۔۔Action مینو پر کلک کریں اور پھر۔۔۔۔۔۔ Replace Bitmap پر کلک کریں۔۔۔۔۔۔۔اب آپ کو سکرین کی بالائی جانب Open file with new bitmap نظر آرہا ہوگا اس پر کلک کریں اب فائل سرچ بوکس کھل جائے گا اب جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ایکسٹریکٹ کیا تھا وہ فولڈر کھولیں اور اس میں سے "Bitmap" نامی فولڈر کھولیں پھر "Bitmap" نمبر ا پر کلک کر کے اسے کھولیں اور نچلی جانب آپ کو Replace کا بٹن نظر آرہا ہوگا اس پر کلک کردیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اب آپ کو مندرجہ ذیل تصویر نظر آئے گی۔۔۔۔۔



# Resource Hacker

3۔ اب آپ "Action" مینو پر کلک کریں اور پھر "Add a new Resource" پر کلک کریں ایک بوکس کھل جائے گا اس میں۔۔۔۔۔۔ "Open file with new Resource" پر کلک کریں اب دوبارہ وہاں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ایکسٹریکٹ کیا تھا وہ فولڈر کھولیں اور اس میں سے "Bitmap" نامی فولڈر کھولیں پھر "Bitmap" نمبر 4 سلیکٹ کریں اور اوپن کا بٹن دبا دیں اب "Open file with new Resource" کا بوکس کھل جائے گا اب آپ "Resource Name" والے بوکس میں "4" ٹائپ کریں۔ اور "Resource Language" والے بوکس میں "1033" ٹائپ کریں اور "Add Resource" والے بٹن پر کلک کر دیں۔




4۔ اب آپ پھر "Action" مینو پر کلک کریں اور پھر "Add a new Resource" پر کلک کریں ایک بوکس کھل جائے گا اس میں۔۔۔۔۔۔ "Open file with new Resource" پر کلک کریں اب دوبارہ وہاں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ایکسٹریکٹ کیا تھا وہ فولڈر کھولیں اور اس میں سے "Bitmap" نامی فولڈر کھولیں پھر "Bitmap" نمبر 5 سلیکٹ کریں اور اوپن کا بٹن دبا دیں اب "Open file with new Resource" کا بوکس کھل جائے گا اب آپ "Resource Name" والے بوکس میں "5" ٹائپ کریں۔ اور "Resource Language" والے بوکس میں "1033" ٹائپ کریں اور "Add Resource" والے بٹن پر کلک کر دیں۔

*Step No.4*




*Step No.5*





5۔ اب دوبارہ سٹیپ نمبر 4 دہرائیں اور تصویر نمبر 6 ایڈ کریں اور "Resource Name" والے بوکس میں "6" ایڈ کریں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

# Resource Hacker


یہ کیا آپ تو پریشان ہو گئے! پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں ہمارا آدھا کام مکمل ہو چکا ہے۔۔۔۔۔۔۔

6۔اب ہم نے بٹ میپ تو چینج کر لیں لیکن ڈائیلوگ کو چینج کرنا باقی ہے اب آپ کو "Bitmap" ڈائیریکٹری کے نیچے "Dialog" ڈائیریکٹری نظر آ رہی ہو گی اس پر کلک کریں اور ڈائیلوگ نمبر "101" کھولیں آپ کو دائیں جانب بہت سارے کوڈ لکھے ہوں نظر آ رہے ہوں گے ان تمام کو Ctrl+A سے سلیکٹ کریں اور اور Delete کا بٹن دبا دیں۔اب آپ ہمارا Project والا فولڈر کھولیں اور System Code والے فولڈر میں سے سسٹم کوڈ والی فائل اوپن کریں اور Ctrl+A کا بٹن دبا کر تمام کوڈ سلیکٹ کریں اور Ctrl+C سے کاپی کر لیں۔اب جو ڈائیلوگ نمبر 101 میں ہم نے جو کوڈ ختم کیا تھا وہاں Ctrl+V کا بٹن دبا کر ہمارا نیا کوڈ پیسٹ کریں اور اوپر کی جانب آپ کو Compile Script کا بٹن نظر آ رہا ہو گا اس پر کلک کریں۔اب آپ فائل کو Save کرنے کے لیے File مینو پر کلک کریں اور سیو کا بٹن دبا دیں اور مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔




*New Code......*

7۔اب آپ "String Table" والی ڈائیریکٹری کھولیں اور String نمبر 13 پر کلک کریں Caption نمبر 195 کی جگہ آپ اپنا نام بھی لکھ سکتے ہیں۔مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔




اب فائل کو سیو کر کے بند کر دیں۔

# Resource Hacker

اب آپ Project والا فولڈر اوپن کریں اور پھر Oem files والا فولڈر اوپن کریں اس فولڈر میں دو فائلیں ہوں گی دونوں کو کاپی کریں۔ جیسا کہ میں نے پہلے بھی آپ کو سسٹم 32 کی لوکیشن بتائی تھی۔۔۔۔ C:/Windows/System32 وہ دونوں فائلیں اس فولڈر میں پیسٹ کر دیں ایک میسج آئے گا آپ Yes to all کلک کر دیں۔۔۔۔




ٹپ: میں نے جو بٹ میپ نمبر 6 استعمال کی ہے آپ اس کی جگہ اپنی بھی تصویر لگا سکتے ہیں مگر اسکا سائز جتنا میں دیا ہے اتنا ہی ہو۔۔۔۔۔۔۔

لیجیئے جناب!

ہمارا کام تو مکمل ہو گیا اب آپ کمپیوٹر کو Restart کریں اور مزے اڑائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں اور ہاں ریپلائی ضرور کیجیے گا جتنی زیادہ آپ ریپلائی کریں گے اتنی ہی جلدی میں اگلی کلاس پوسٹ کروں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور ہاں اگر کوئی مشکل پیش آئے تو مجھے ضرور بتایئے گا۔

آپکی ریپلائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

زندگی تو زندہ دلی کا نام ہے

مردہ دل کیا خاک جیا کرتے ہیں۔


# Resource Hacker

## Part 3----حصہ سوم

### السلام وعلیکم

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ تمام اراکینِ آئی ٹی دنیا بخیر و عافیت زندگی بسر کر رہے ہوں گے۔ دوستو! "Resource Hacker" کی دوسری کلاس میں ہم نے سسٹم پراپرٹی ایڈٹ کی تھی جو کہ آپ لوگوں کو یقیناً پسند بھی آئی ہوگی۔ دوستو! آج ہم "Resource Hacker" کی تیسری کلاس میں ہم پراگریس ڈائیلوگ یعنی کی "Copy Box" ایڈٹ کریں گے۔ تو جناب شروع کرتے ہیں آج کی کلاس تو سب سے پہلے اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں پھر ہم کام شروع کرتے ہیں۔

دوستو! آج جو ہم "Copy Box" چینج کریں گے وہ اس طرح کا ہوگا-------




ٹھیک ہے نا!


**Let's Start**

ا۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں :/C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

جاری ہے


# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔




2۔ دوستو! سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اب اس زپ فائل کو ایکسٹریکٹ کریں اس میں تین فولڈر ہوں گے۔ ﴿۱﴾ AVI ﴿2﴾ Copy_Code ﴿3﴾ Pictures ان کے ذریعے ہم آج کا پروجیکٹ تیار کریں گے۔

اب ہماری مطلوبہ اوپن ہوگئی ہے تو سب سے پہلے "Dialog" والی ڈائیریکٹری اوپن کریں اور ڈائیلوگ نمبر 1020 کھولیں اور اس کے ذیلی مینو میں سے "1033" پر کلک کریں آپ کو دائیں طرف کاپی بوکس کا کوڈ نظر آئے گا تمام کوڈ کو Ctrl+A سے سلیکٹ کریں اور Delete کا بٹن دبادیں اب آپ ہمارے پروجیکٹ میں جائیں اور "Copy_Code" کے فولڈر میں سے کاپی کوڈ والی فائل کھولیں اور Ctrl+A سے تمام کوڈ کو سلیکٹ کریں اور Ctrl+C سے کاپی کریں اب فائل کو بند کردیں اب آپ وہی کوڈ Dialog>1020>1033 میں پیسٹ کردیں اور آپ کو اوپر کی جانب "Compile Script" کا بٹن نظر آرہا ہوگا اس کو دبادیں۔۔




New Code:

# Resource Hacker

3۔اب آپ سب سے پہلے والی ڈائیریکٹری یعنی "AVI" ڈائیریکٹری پر کلک کریں اور "AVI" نمبر 160 کو کھولیں AVI>160>1033
اب آپ 1033 پر رائیٹ کلک کریں اور پھر "Replace Resource...." پر کلک کریں اب ایک بوکس کھل جائے گا اس میں۔۔۔۔۔۔
"Open file with new resource" پر کلک کریں اب آپ نے ہمارا پروجیکٹ جہاں ایکسٹریکٹ کیا تھا وہ فولڈر کھولیں اور اس میں سے
"AVI" نامی فولڈر کھولیں اور AVI نمبر 160 پر ڈبل کلک کریں اور پھر "Resource Type" میں AVI لکھیں "Resource Name"
میں 160 ٹائپ کریں اور "Resource Language" میں 1033 ٹائپ کریں اور پھر Replace پر کلک کردیں۔





3۔اب آپ پھر سب سے پہلے والی ڈائیریکٹری یعنی "AVI" ڈائیریکٹری پر کلک کریں اور "AVI" نمبر 161 کو کھولیں AVI>161>1033
اب آپ 1033 پر رائیٹ کلک کریں اور پھر "Replace Resource...." پر کلک کریں اب ایک بوکس کھل جائے گا اس میں۔۔۔۔۔۔
"Open file with new resource" پر کلک کریں اب آپ نے ہمارا پروجیکٹ جہاں ایکسٹریکٹ کیا تھا وہ فولڈر کھولیں اور اس میں سے
"AVI" نامی فولڈر کھولیں اور AVI نمبر 161 پر ڈبل کلک کریں اور پھر "Resource Type" میں AVI لکھیں "Resource Name"
میں 161 ٹائپ کریں اور "Resource Language" میں 1033 ٹائپ کریں اور پھر Replace پر کلک کردیں۔

Step No.3




Step No.4





4۔اب دوبارہ سٹیپ نمبر 3 دہرائیں اور AVI نمبر 162,163,164 کو AVI نمبر 162 سے Replace کریں اور ہر بار Resource Name
والے بوکس میں ڈائیریکٹری کے ذیلی مینو کا جسکو آپ Replace کر رہے ہیں اسکا نام ٹائپ کریں مثلاً 162,163,164 وغیرہ۔۔۔

جاری ہے

# Resource Hacker

5۔اب آپ "Action" مینو پر کلک کریں اور پھر "Add a New Resource" پر کلک کریں اب آپ سرچ بوکس میں سے ہمارے Project میں جائیں اور Pictures والا فولڈر کھولیں اور Bitmap نمبر 404 پر ڈبل کلک کریں اور پھر Resource Name والے بوکس میں 404 ٹائپ کریں اور Resource Language والے بوکس میں 1033 ٹائپ کریں اور پھر Add Resource پر کلک کردیں۔اور فائل مینو میں سے فائل کو سیو کرلیں۔۔۔




لیجیئے جناب!

ہمارا کام تو مکمل ہو گیا اب آپ کمپیوٹر کو Restart کریں اور مزے اڑائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں اور ہاں ریپلائی ضرور کیجیئے گا جتنی زیادہ آپ ریپلائی کریں گے اتنی ہی جلدی میں اگلی کلاس پوسٹ کروں گا۔۔۔۔۔۔۔۔اور ہاں اگر کوئی مشکل پیش آئے تو مجھے ضرور بتایئے گا۔


آپکی ریپلائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

Contact me: simpleproka@gmail.com

Mob: 0313 65 17 114


ہیں لوگ جہاں میں وہی اچھے

جو آتے ہیں کام دوسروں کے

# Resource Hacker


## Part 4-----حصہ چہارم

السلام وعلیکم

دوستو! کیا حال ہی امید ہے کہ تمام اراکینِ آئی ٹی دنیا خوشحال زندگی بسر کر رہے ہوں گے۔ دوستو! سب سے پہلے میں آپ سے دیر سے کلاس پوسٹ کرنے کی معذرت کرتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ لوڈ شیڈنگ نے ناک پر دم کر رکھا ہے اسی وجہ سے میں چوتھی کلاس پوسٹ نہیں کر سکا۔۔۔۔

دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "Copy Box" چینج کیا تھا جو کہ یقیناً آپ لوگوں نے پسند کیا ہوگا تو دوستو! آج کی کلاس میں ہم "Run Box" کو چینج کریں گے۔ سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیے۔ پھر ہم جلدی سے کام شروع کرتے ہیں۔

دوستو! آج جو ہم "Run Box" چینج کریں گے وہ اس طرح کا ہوگا۔۔۔۔۔





ا۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں /:C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

جاری ہے


# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔۔۔۔۔




2۔اب آپ سب سے پہلے اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیے اور اب اس زپ فائل کو ایکسٹریکٹ کریں اس میں دو فائلیں ہوں گی (1) Bitmap (2) Code_Run ان دونوں فائلوں کے ذریعے آج ہم "Run Box" ایڈٹ کریں گے


اب ہماری مطلوبہ فائل اوپن ہوگئی ہے تو سب سے پہلے "Action" مینو پر کلک کریں پھر "Add a new resource" پر کلک کریں ایک بوکس کھل جائے گا اس میں "Open file with a new resource" کے ذریعے آپ اس جگہ پر جائیں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کر کے ایکسٹریکٹ کیا تھا آپ کو بٹ میپ نمبر 420 نظر آرہی ہوگی اس پر ڈبل کلک کر دیں۔اب آپ "ریسورس نیم" والے بوکس میں "420" ٹائپ کریں اور "Resource Language" والے بوکس میں "1033" ٹائپ کریں اور ایڈ ریسورس پر کلک کر دیں۔




جاری ہے

# Resource Hacker

اب آپ "Dialog" ڈائریکٹری Expend کریں اور ڈائیلوگ نمبر "1003" پر کلک کر کے "1033" پر کلک کریں آپ کو دائیں جانب کوڈ نظر آرہے ہوں گے تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں پھر آپ ہمارا آج کا پروجیکٹ اوپن کریں اس میں "Copy_Code" والی فائل اوپن کر کے تمام نیو کوڈ سلیکٹ کر کے کاپی کر لیں۔اور ڈائیلوگ نمبر 1003 کا جو کوڈ ہم نے ڈیلیٹ کیا تھا اس میں پیسٹ کر کے "Compile Script" والے بٹن پر کلک کر کے فائل کو سیو کر لیں اور کمپیوٹر کو Restart کر دیں۔۔۔




## ٹپس:

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

میرے پچھلے تھریڈ میں ایک دوست نے پوچھا تھا کہ "Resource Hacker" میں فائل کو SAVE کرتے وقت Error آتا ہے۔۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker" میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کر دیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہوگی جسکو آپ ڈیلیٹ کر دیں۔پھر بھی کوئی مسئلہ ہو تو پلیز مجھے ضرور بتائیے گا۔۔۔

آپکی ریپلائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

# Resource Hacker

## حصہ پنجم ----Part 5

**السلام وعلیکم!**

دوستو! کیا حال ہے؟ امید ہے کہ آپ پوری صحت یابی کے ساتھ میرا یہ آج کا یہ تھریڈ پڑھ رہے ہوں گے۔ دوستو! "Resource Hacker" کی پچھلی کلاس میں ہم نے "Run Box" ایڈٹ کیا تھا۔ جو کہ یقیناً آپ نے پسند بھی کیا۔ آج ہم انشاءاللہ "Shut Down" بوکس ایڈٹ کریں گے۔ آپ بھی سوچ رہے ہوں گے کہ میں بھی نا "ہاتھ دھوکہ " "Dialog Boxes" کے پیچھے پڑا ہوا ہوں تو جناب ہم اگلی کلاس میں ہم انشاءاللہ "Menu" ایڈٹ کریں گے۔ آج کی کلاس میں سب سٹوڈنٹ حاضر ہیں نا! "Simple Mubasher" اور "Thinkme1st" کہیں نظر نہیں آ رہے؟ کیا کہا دونوں غیر حاضر ہیں۔ اچھا تو پھر ہم اگلی کلاس میں ہم ان کو جرمانہ بھی کریں گے۔ تو سب بچے "Resourec Hacker" اوپن کر لیں اور اپنی پوری توجہ میرے آج کے لیکچر پر مرکوز کریں۔۔۔

دوستو! آج جو ہم "Shut_Down" بوکس ایڈٹ کریں گے وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔





ا۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں C:/ پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

جاری ہے


# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔۔۔۔۔




اب آپ سب سے پہلے اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیے اور اب آپ اس زپ فائل کو ایکسٹریکٹ کیجیے اس میں تین فائلیں ہوں گی۔
(۱) Msgina_file (۲) Shell32_file (۳) Shut_Code ان تینوں فائلوں کے ذریعے آج ہم "Shut Down" بوکس ایڈٹ کریں گے۔

لو جی! اب ہماری مطلوبہ فائل اوپن ہوگئی ہے اب آپ "Bitmap" والی ڈائریکٹری اوپن کریں اور بٹ میپ نمبر **14351** کو اوپن کریں پھر اس کے ذیلی مینو **"1033"** پر رائٹ کلک کریں اور "Replace Resource" پر کلک کردیں پھر Open file with new bitmap... والے بٹن پر کلک کریں پھر آپ اوپن بوکس کے ذریعے اُس لوکیشن پر جائیں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیا تھا وہاں جائیں اور "Shell32_file" والا فولڈر اوپن کریں اور بٹ میپ نمبر **14351** پر ڈبل کلک کر کے Replace بٹن پر کلک کردیں۔۔




جاری ہے

# Resource Hacker

لو جی! ایک بٹ میپ کو تو ہم نے Replace کر دیا ہے اب ہم نے Shell32_file والے فولڈر کی بقیہ Bitmaps ریپلیس کرنی ہیں اب آپ "Bitmap" والی ڈائیریکٹری کی "Bitmap" نمبر۔۔۔۔۔

14353 کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Shell32_file کی بٹ میپ نمبر **14351** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

14354 کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Shell32_file کی بٹ میپ نمبر **14354** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔


14355 کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Shell32_file کی بٹ میپ نمبر **14355** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

14356 کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Shell32_file کی بٹ میپ نمبر **14356** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

اب فائل کو Save کر کے بند کر دیں۔۔

## لو جی! ہمارا آدھا کام تو مکمل ہوا۔۔۔

ا۔ تو دوستو! پھر "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں C:/ پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں Msgina.Dll یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔




لو جی! اب ہماری مطلوبہ فائل اوپن ہو گئی ہے اب آپ "Bitmap" والی ڈائیریکٹری اوپن کریں اور بٹ میپ نمبر **20140** پر ڈبل کلک کریں پھر اس کے ذیلی مینو **"1033"** پر رائٹ کلک کریں اور "Replace Resource" پر کلک کر دیں پھر Open file with new bitmap... والے بٹن پر کلک کریں پھر آپ اوپن بوکس کے ذریعے اُس لوکیشن پر جائیں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیا تھا وہاں جائیں اور "Msgina_file" والا فولڈر اوپن کریں اور بٹ میپ نمبر **20140** پر ڈبل کلک کر کے Replace بٹن پر کلک کر دیں۔۔

جاری ہے

# Resource Hacker

لو جی! ایک بٹ میپ کو تو ہم نے Replace کر دیا ہے اب ہم نے Msgina_file والے فولڈر کی بقیہ Bitmaps ریپلیس کرنی ہیں اب آپ "Bitmap" والی ڈائیریکٹری کی "Bitmap" نمبر۔۔۔۔۔


**20141** کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Msgina_file کی بٹ میپ نمبر **20141** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

**20142** کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Msgina_file کی بٹ میپ نمبر **20142** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

**20143** کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Msgina_file کی بٹ میپ نمبر **20143** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

**12150** کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر Msgina_file کی بٹ میپ نمبر **20150** سے ریپلیس کر دیں۔۔۔

اب آپ فائل کو سیو کر لیں اور پھر آپ "Dialog" ڈائیریکٹری کھولیں اور ڈائیلوگ نمبر پر **20100** پر ڈبل کلک کریں اور پھر **1033** پر کلک کریں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے Delete کا بٹن دبا دیں پھر آپ ہمارے آج کے پروجیکٹ میں آ کر Shut_Code والا فولڈر کھولیں اور تمام نیا کوڈ سلیکٹ کر کے کاپی کر لیں پھر ڈائیلوگ نمبر 20100 میں آ کر Ctrl+V کا بٹن دبا دیں پھر Compile Script والا بٹن دبا دیں اور فائل کو سیو کر لیں اور اپنے کمپیوٹر کو Restart کر لیں اور پھر مزے اڑائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔۔۔




## ٹپس:

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker" میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈیٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈیٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کر دیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈیٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہوگی جسکو آپ ڈیلیٹ کر دیں۔ پھر بھی کوئی مسئلہ تو پلیز مجھے ضرور بتایئے گا۔۔۔

آپکی رہنمائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

# Resource Hacker

## چھٹا حصہ۔۔۔۔Part 6

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے؟ امید ہے کہ آپ ٹھیک ہوں گے تو دوستو! جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ پچھلی کلاس میں ہم نے "Shut_Down" بوکس ایڈٹ کیا تھا جو کہ یقیناً آپ لوگوں نے پسند بھی کیا۔ کچھ دوستوں! نے فرمائش کی تھی کہ اگلی کلاس میں ونڈوز ایکس پی کی "Boot_Screen" ایڈٹ کی جائے ان تمام دوستوں کی فرمائش کو پورا کرتے ہوئے میں نے آج کا تھریڈ بوٹ سکرین پر لکھا ہے۔ دوستو! میری آج کی کلاس بڑی امپورٹینٹ ہے کیوں کہ بوٹ سکرین کو میں نے ایڈٹ کرنے میں میں نے بڑی محنت اور ریسرچ کی ہے اس لیے آپ سے گزارش ہے کہ آپ پوری توجہ کے ساتھ میری آج کی کلاس اٹینڈ کریں۔۔۔

دوستو! آج جو ہم بوٹ سکرین ایڈٹ کریں گے وہ اسطرح کی ہوگی۔۔۔





دوستو! سب سے پہلے تو آپ کوئی بوٹ سکرین ایڈٹ کریں جیسا کہ میں نے مندرجہ بالا بوٹ سکرین ایڈٹ کی ہے۔ اس سکرین کو ایڈٹ کرنے میں میں نے تین سوفٹویئر استعمال کیے ہیں (۱) ان پیج (۲) کورل ڈرا (۳) ایڈوب فوٹوشاپ اگر کسی دوست کو یہ پروگرام سیکھنے ہیں تو ہمارے اسی فورم آئی ٹی دنیا ڈاٹ کام پر سیکھ سکتے ہیں۔ ہاں یاد آیا دوستو! بوٹ سکرین والی تصویر کا سائز 640*480 ہونا چاہیئے۔ اور بوٹ سکرین میں آپ کوئی تصویر وغیرہ نہ استعمال کریں ورنہ پکسل پھٹ جائیں گے کیونکہ بوٹ سکرین میں 16 Bit کلر استعمال ہوتا ہے ابھی تک Bil Gates بھی اس پرابلم کا حل نہیں تلاش کر سکا۔ تو دوستو! اب آپ بوٹ سکرین ایڈٹ کر لیں یا یہ میرے والی تصویر استعمال کر لیں۔۔۔


جاری ہے

# Resource Hacker

تو دوستو! آج کی بوٹ سکرین کو ایڈٹ کرنے میں ایک اور نیا سوفٹ ویئر استعمال ہوگا جس کا نام ہے Jack Paint Shop Pro 7۔ اب آپ اوپر دیے گئے لنکس سے سوفٹ ویئر اور ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیے۔۔۔ اب آپ Jack Paint Shop Pro 7 اوپن کریں اور اس میں وہ تصویر کھولیں جو آپ نے بوٹ سکرین کے لیے ایڈٹ کی تھی۔ اب آپ Shift+O کا بٹن دبا دیں۔ اب ایک "Colour Pallet" کا بوکس کھولے گا اب آپ اس بوکس کے ذریعے اس لوکیشن پر آئیں جہاں آپ نے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیا تھا اور پھر آپ "Colour_Pallet" والا فولڈر اوپن کریں اور پھر 16.pal کو سلیکٹ کر کے اوپن کا بٹن دبا دیں۔ اب آپ فائل کو سیو کر کے پروگرام کو بند کر دیں۔





۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں C:/ پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں " **Ntoskrnl.exe** " یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔




جاری ہے

# Resource Hacker

۲۔اب آپ "Bitmap"والی ڈائیریکٹری پر ڈبل کلک کریں اور بٹ میپ نمبر 1 کو ہماری بوٹ سکرین والی تصویر سے "Replace" کردیں یا وہ تصویر جو آپ نے ایڈٹ کی تھی اس سے "Replace" کردیں۔ہاں کیا پوچھا؟ "Replace" کیسے کرتے ہیں۔یار یہ تو آپ کو پتا ہوگا اگر نہ پتا تو آپ میری پچھلی کلاسسز Study کریں۔پھر اس کے بعد تصویر نمبر 4 اور 8 کو ہمارے پروجیکٹ کے فولڈر "Pictures"میں "sacroll bar"والی تصویر سے "Replace" کر دیں۔اب آپ فائل کو سیو کر کے بند کردیں اور کمپیوٹر کو ری سٹارٹ کردیں۔مزے اڑائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔




## ٹپس:

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker"میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کردیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہوگی جسکو آپ ڈیلیٹ کردیں۔پھر بھی کوئی مسئلہ تو پلیز مجھے ضرور بتایئے گا۔۔۔

آپکی رہنمائی کا منتظر:

**سہیل احمد پروکا**

شیر کی ایک دن کی ایک دِن کی زندگی

گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے بہتر ہے

# Resource Hacker

## ساتھواں حصہ ۔۔۔۔۔Part 7

السلام وعلیکم

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ آپ ٹھیک ٹھاک ہوں گے اور ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے ہوں گے اور مجھ سے ناراض بھی ہوں گے وہ اس لیے کیونکہ میں نے پچھلے دو مہینوں سے کوئی کلاس پوسٹ نہیں کی۔ تو دوستو! اس کے لیے میں معذرت خواہ ہوں کیونکہ میرے پاس کمپیوٹر نہیں تھا اس لیے میں کلاس پوسٹ نہیں کر سکا اور آج بھی میں جس کمپیوٹر سے تھریڈ لکھ رہا ہوں وہ بھی کسی دوست کا ہے۔ تو دوستو! پچھلی کلاس میں میں نے "Boot Sacreen" ایڈٹ کی تھی جو کہ یقیناً سبھی نے پسند کی اور میرے پچھلے تھریڈ میں کچھ دوستو نے فرمائش کی تھی کی اگلی کلاس میں "Logon Sacreen" ایڈٹ کی جائے میں ان سے بھی معذرت خواہ ہوں کیونکہ میرے پاس میرا کمپیوٹر نہیں ہے۔ انشاءاللہ ہم اگلی کلاس میں ضرور "Logon Sacreen" ایڈٹ کریں گے اور آج ہم Desktop and Explorer context men u مینو میں ایک تصویر لگائیں گے۔

آج جو ہم "Desktop and Explorer context men u" چینج کریں گے وہ اس طرح کا ہوگا۔۔۔۔




تو دوستو! سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے آپ ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیئے۔ اب اس پروجیکٹ کو کہیں بھی ایکسٹریکٹ کیجیئے اس میں ایک فائل ہوگی جس کا نام ہے "Image.dll" اس فائل کو کاپی کریں۔ اور /:D یا /:C ڈرائیو میں پیسٹ کر دیں۔ اب آپ رن بوکس اوپن کریں۔ اس کے لیے سٹارٹ مینو پر کلک کریں اور پھر " Run Box" اوپن کریں۔ اور مندرجہ ذیل کمانڈ دیں۔

Image Activation Code:







Image Deactivation Code:



# Resource Hacker

لیجیئے جناب اب ہمارا کام ہوگیا اب آپ Ok کر دیجیئے۔ اور ہاں اگر آپ اپنی پسند کی تصویر لگانا چاہتے ہیں تو آپ سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں اور پھر Ctrl+O اکٹھے دبائیں اور پھر ایک ونڈو آئے گی اس ونڈو کے ذریعے آپ اس لوکیشن پر جائیں جہاں آپ نے "Image.dll" کو کاپی کیا تھا مثلاً سی یا ڈی ڈرائیو میں۔ پھر آپ اس فائل پر ڈبل کلک کر کے اسکو اوپن کریں۔ اور پھر "Bitmap" والی ڈائیریکٹری میں آئیں اور بٹ میپ نمبر "202" کو اوپن کریں اور پھر اس رائٹ کلک کر کے "Replace Resources" پر کلک کر کے اس بٹ میپ کو اپنی بنائی ہوئی بٹ میپ سے "Replace" کر دیں اور ہاں جن بھائیوں کو بٹ میپ "Replace" کرنا نہیں آتی وہ میرے پچھلے تھریڈز کا مطالعہ کریں اور ہاں یاد آیا آپ زیادہ سے زیادہ 96*96 سائز کی بٹ میپ بنا سکتے ہیں۔




## ٹپس:

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker" میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈیٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈیٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کر دیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈیٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہوگی جسکو آپ ڈیلیٹ کر دیں۔ پھر بھی کوئی مسئلہ تو پلیز مجھے ضرور بتایئے گا۔۔۔

آپکی رہنمائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

# Resource Hacker



## آٹھواں حصہ۔۔۔۔۔Part 8

السلام وعلیکم!


دوستو! کیا حال ہے امید ہے آپ سب پوری صحت یابی کیساتھ میرا آج کا تھریڈ پڑھ رہے ہوں گے۔دوستو! جیسا کہ آپ کو پتہ ہے کہ پچھلی کلاس میں ہم نے "Context and Explorer Menu" مینو میں ہم نے اپنی من پسند کی پکچر ایڈ کی تھی جو کہ یقیناً سبھی دوستوں نے پسند کی۔دوستو! جیسا کہ میں نے پچھلی کلاس میں آپ سے وعدہ کیا تھا کہ ہم اگلی کلاس میں "Logon Screen" بنائیں گے تو دوستو! آج میں اپنا وعدہ پورا کرتا ہوں۔دوستو! آج کی کلاس میری تمام پچھلی کلاسوں سے اہم ہے کیونکہ "Logon Screen" بنانا تو بہت آسان تھا لیکن کوئی ایسا طریقہ نہیں تھا جس سے ہر ونڈوز ایکس پی پہ اپلائی کی جا سکے۔اس لیے میں نے بہت ریسرچ کیا اور الحمدللہ میں نے ایک ایسا طریقہ ڈھونڈ ہی نکالا جس سے تمام دوست فائدہ اٹھا سکیں۔میری تمام موڈیریٹرز سے گزارش ہے ہمارے اس کورس کے لیے ایک علیحدہ سیکشن بنایا جائے۔تو جو دوست چاہتے ہیں کہ "Course of Resource Hacker" کے لیے ایک علیحدہ سیکشن ہونا چاہیئے تو وہ ضرور اپنی ریپلائیز میں بتائیں۔۔۔۔

آج ہم جو "Logon Screen" ایڈٹ کریں گے وہ اسطرح کی ہوگی۔۔۔۔۔




# Resource Hacker

ہاں بھائی دوستو! پہچاناں یا نہیں پہچاناں۔ ہاں بھائی یہ ہماری "Logon Screen" سکرین ہی ہے۔ تو چلو شروع کرتے ہیں آج کا سبق۔ تو دوستو!
میرے خیال میں آج کا سبق "Safe Mode" میں اپلائی کیا جائے تو زیادہ بہتر ہوگا۔ دوستو! سب سے پہلے آپ اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا۔۔۔۔
پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اور اپنی مرضی کی جگہ پر ایکسٹریکٹ کریں۔۔ اس میں ایک "Windows file protectection disable and enable software" کے
نام سے ایک سوفٹ ویئر ہوگا اس کو اوپن کریں اس میں "wfps10.exe" والی فائل کو چلائیں اب آپ "Patch" نامی بٹن پر کلک کریں۔ اب آپ۔۔۔۔
"Windows File Protection" کو "Disable" کرنے کے لیے "Yes" پر کلک کر دیں۔ اب یہ میسج آئے گا "Patch successfully applied!"
اب آپ "Quit" پر کلک کر دیں۔





اب آپ ہمارے پروجیکٹ میں "Logonui.exe File" نامی فائل کو ایکسٹریکٹ کریں اور اسے "Resourse Hacker" میں اوپن کریں اور
"Bitmap" والی ڈائیریکٹری اوپن کریں اور تصویر نمبر "100" والی کی جگہ پر آپ اپنی تصویر بھی لگا سکتے ہیں۔ مطلوبہ تصویر لگانے کے بعد فائل کو سیو کر کے بند کر دیں۔۔۔



# Resource Hacker

اب آپ ہمارے پروجیکٹ میں "files Replacer software" نامی فائل کو ڈیسک ٹاپ پر ایکسٹریکٹ کریں اور اب آپ "Replacer.cmd" نامی فائل کو چلائیں۔ اب آپ " C:\WINDOWS\system32" والی ڈائریکٹری میں جائیں اور وہاں "Logonui.exe" نامی فائل کو ڈریگ کر کے "Replacer.cmd" والے سوفٹ ویئر میں ڈال دیں جو کہ اس وقت اوپن ہے۔ اب آپ کو "Enter" دبانے کے لیے کہا جائے گا۔ آپ دبا دیں۔ پھر آپ وہ فائل "Logonui.exe" نامی فائل کو جو میں نے ہمارے آج کے پروجیکٹ میں رکھی ہے وہ ڈریگ کر کے "Replacer.cmd" والے سوفٹ ویئر میں ڈال دیں۔ اب آپ پھر "Enter" دبا دیں اب آپ سے پوچھا جائے گا کہ آپ واقعی اس فائل کو "Replace" کرنا چاہتے ہیں تو آپ "Y" دبا کر "Enter" دبا دیں۔ اب آپ کوئی سا بھی بٹن دبا کر پروگرام سے باہر آ جائیں۔ اور کمپیوٹر کو ری سٹارٹ کر دیں اور مزے اڑائیں۔




اور ہاں اپنی ریپلائیز میں یہ ضرور بتایئے گا کہ ریسورس ہیکر کے لیے ایک علیحدہ سیکشن ہونا چاہیئے یا نہیں۔ کیونکہ ہماری کلاسز اتنی ہوگئی ہیں کہ وہ آسانی سے۔۔ تلاش نہیں ہوتیں۔۔۔

آپکی ریپلائی کا منتظر:

حافظ سہیل احمد پروکا بصیر پور

# Resource Hacker



## نواں حصہ۔۔۔۔Part 9

**السلام وعلیکم!**

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ سبھی دوست بخیریت وسلامتی کے ساتھ میرا آج کا تھریڈ پڑھ رہے ہوں گے۔دوستو! جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ ہم نے پچھلی کلاس میں "Logon Screen" ایڈٹ کی تھی جو کہ یقیناً سبھی نے بہت پسند بھی کی۔دوستو! آج کی کلاس میں ہم "About Windows" ڈائیلوگ ایڈٹ کریں گے۔ہاں کیا پوچھا؟ "About Windows" ڈائیلوگ کہاں ہوتا ہے تو جناب آپ مائی کمپیوٹر کھولیں آپ کو سب سے اوپر مینو بار نظر آرہا ہوگا آپ۔۔ "Help" کمانڈ پر کلک کریں اب ایک مینو کھلے گا اس مینو میں سب سے نیچے "About Windows" ڈائیلوگ پر کلک کرکے آپ "About Windows" ڈائیلوگ دیکھ لیں جس کو ہم ایڈٹ کرنے والے ہیں۔تو جناب بہت ہوگئی باتیں اب ہم کام شروع کرتے ہیں۔

**دوستو! آج ج ہم ڈائیلوگ ایڈٹ کرنے والے ہیں وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔۔۔**





ا۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں /:C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کرلیں۔پھر اوپن کا بٹن دبادیں فائل اوپن ہوجائے گی۔

**جاری ہے**

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر دیکھیں۔۔۔۔۔




2۔اب آپ سب سے پہلے اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجئے۔اب آپ اس پروجیکٹ کو ایکسٹریکٹ کرلیں اس دو فائلیں ہوں گی (۱) About Bitmap (۲) Code اب آپ ریسورس ہیکر میں بٹ میپ والی ڈائریکٹری کھولیں اور بٹ میپ نمبر "131" کو ہمارے پروجیکٹ کی...... About بٹ میپ والی فائل سے "Replace" کردیں اب فائل کو سیو کر کے بند کردیں۔اب آپ سسٹم بتیس والی ڈائیریکٹری سے "Msgina.dll" والی فائل کھول کر بٹ میپ والی ڈائیریکٹری میں بٹ میپ نمبر "101" اور "107" کو ہماری "About" بٹ میپ سے ریپلیس کردیں۔اب آپ فائل کو سیو کر کے بند کردیں اور سسٹم بتیس والی ڈائیریکٹری سے "xpsp1res.dll" والی فائل میں سے ڈائیلوگ ڈائیریکٹری میں سے ڈائیلوگ نمبر "14352" کو کھولیں اور۔۔ ہمارے پروجیکٹ میں جو کوڈ ہے اسکو کاپی کریں اور ڈائیلوگ میں جو کوڈ ہے وہ تمام کا تمام سلیکٹ کر کے ختم کردیں اور ہمارا کوڈ پیسٹ کردیں اب آپ کمپائل سکرپٹ کا بٹن دبا دیں اور فائل کو سیو کر کے بند کردیں۔

Step No.1 Shell32-> Bitmap -> 131 -> 1033

Step No.2 Msgina.dll->Bitmap->101,107-> 1033

Step No.3 Xpsp1res.dll-> Dialog -> 14352 -> 1033

نوٹ: جن دوستوں کو جو کہ ابھی نئے ہیں فائل کو "Replace" کرنا نہیں آتا وہ میری پچھلی کلاسز کی "Study" کریں۔

اب آپ کمپیوٹر کو ری سٹارٹ کردیں اور مزے اڑائیں۔

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker" میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کردیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہوگی جسکو آپ ڈیلیٹ کردیں۔پھر بھی کوئی مسئلہ تو پلیز مجھے ضرور بتائیے گا۔۔۔

آپکی ریپلائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا


# Resource Hacker

## Part 10 دسواں حصہ---

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ سبھی ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے ہوں گے اور مجھے بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھے ہوئے ہوں گے دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "About Windows Dialog Box" ایڈٹ کیا تھا جو کہ سبھی دوستوں کو پسند آیا ہوگا۔۔ دوستو! پچھلی تمام کلاسز میں ہم نے "Dialogs" ہی ایڈٹ کیے تھے لیکن آج سے ہم مینوز ایڈٹ کریں گے دوستو! آج کی کلاس میں ہم "Desktop Context and Explorer Menu" مینو میں اپنا نام اور "View" مینو "Enable" کریں گے۔ "View" مینو کے بارے میں تو آپ جانتے ہی ہوں گے۔ کیا کہا نہیں جانتے؟ چلو کوئی بات نہیں میں بتائے دیتا ہوں۔ دوستو!۔۔ "View" کے ذریعے کسی بھی فائل یا تصویر کو مختلف زاویوں سے دیکھا جا سکتا ہے۔ تو دوستو! بہت ہو گئیں باتیں چلئے کلاس شروع کرتے ہیں۔

آج جو ہم مینو ایڈٹ کریں گے وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔۔





۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں /:C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔


جاری ہے

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔



2۔سب سے پہلے آپ ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اس میں آج صرف ایک ہی فائل ہوگی وہ بھی کوڈ والی۔فائل اوپن ہوگئی ہے تو آپ اب۔۔۔
"Menu" ڈائیریکٹری "Expend" (ڈبل کلک کرکے) کریں اور مینو نمبر "215" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (پروجیکٹ والا)
کاپی کر کے پیسٹ کر کے "Compile Script" کا بٹن دبا دیں اور فائل کو سیو کر کے کمپیوٹر کو "Restart" کر دیں اور مزے اڑائیں اور مجھے (حافظ سہیل احمد)
کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔۔۔



آپکی رہنمائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا


# Resource Hacker

## گیارھواں حصہ۔۔۔۔ Part 11

**السلام وعلیکم!**

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ تمام دوست خیریت وعافیت سے ہوں گے اور بھرپور انداز سے زندگی بسر کر رہے ہوں گے اور مجھے اپنی دُعاؤں میں یاد رکھے ہوئے ہوں گے۔ دوستو! جیسا کہ آپ جانتے ہیں ہماری دس کلاسز ہوگئی ہیں جو کہ میری امید سے زیادہ کامیاب رہی ہیں اور انشاءاللہ اگر اسی طرح آپ دوستو! کا پیار اور ساتھ میرے ساتھ رہا تو میں ضرور اس کورس کو پایہ تکمیل تک پہنچاؤں گا۔ دوستو! ان دس کلاسز کے دوران کئی ایسے موقعے آئے جسکی وجہ سے مجھے یہ کورس چھوڑنا پڑسکتا تھا لیکن آپ دوستوں! کا پیار اور سیکھنے کی امنگ دیکھ کر میں ہمت نہیں ہاری اور انشاءاللہ آئندہ بھی نہیں ہاروں گا۔ دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "Desktop Menu" ایڈٹ کیا تھا جو کہ انتہائی کامیاب رہا۔ دوستو! کچھ دوستوں نے فرمائش کی تھی کہ ہمیں "Windows 7" کا "Desktop Menu" بنانا سکھایا جائے تو آج میں ان دوستوں کی فرمائش کو پورا کرنے والا ہوں۔

آج جو ہم مینو ایڈٹ کریں گے وہ اس طرح کا ہوگا۔۔۔۔





ا۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں :/C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کرلیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبادیں فائل اوپن ہوجائے گی۔


جاری ہے

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔




2۔سب سے پہلے آپ ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اس میں آج صرف دو ہی فائل ہوگی وہ بھی کوڈ والی۔ فائل اوپن ہوگئی ہے تو آپ اب۔۔۔ "Menu" ڈائیریکٹری "Expend" (ڈبل کلک کر کے) کریں اور مینو نمبر "215" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (215 والا) کاپی کر کے پیسٹ کر کے "Compile Script" کا بٹن دبا دیں اور اب مینو نمبر "220" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (220) کاپی کر کے پیسٹ کر کے "Compile Script" کا بٹن دبا دیں۔ فائل کو سیو کر کے کمپیوٹر کو "Restart" کر دیں اور مزے اڑائیں اور مجھے (حافظ سہیل احمد) کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں۔۔۔




آپکی رہنمائی کا منتظر:

سہیل احمد پروکا

# Resource Hacker




## Part 12۔۔۔۔بارھواں حصہ

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید کرتا ہوں کہ سبھی ٹھیک ٹھاک ہوں گے اور پوری صحت یابی کیساتھ میرا آج کا تھریڈ پڑھ رہے ہوں گے۔ دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "Windows 7" جیسا "Desktop Menu" بنایا تھا جو کہ یقیناً سبھی کو بہت پسند آیا۔ آج کا "Desktop Menu" بھی آپ کو بہت پسند آئے گا۔ آج ہم پھر "Desktop Menu" ہی ایڈٹ کریں گے۔ آج میں آپ کو اپنا پسندیدہ سٹائل میں "Desktop Menu" ایڈٹ کرنا سکھاؤں گا۔ تو سبھی سٹوڈنٹ اپنی پوری توجہ میرے آج کے لیکچر پر مرکوز رکھتے ہوئے ریسورس ہیکر کھول لیں۔


آج جو ہم "Desktop Menu" ایڈٹ کریں گے وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔۔




۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں C:/ پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کر لیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

# Resource Hacker


مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔




2۔سب سے پہلے آپ ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اس میں آج صرف دو ہی فائل ہوگی وہ بھی کوڈ والی۔فائل اوپن ہوگئی ہے تو آپ اب۔۔۔ "Menu" ڈائیریکٹری "Expend" (ڈبل کلک کر کے) کریں اور مینو نمبر "215" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (215 والا) کاپی کر کے پیسٹ کر کے "Compile Script" کا بٹن دبا دیں اور اب مینو نمبر "220" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (220) کاپی کر کے پیسٹ کر کے "Compile Script" کا بٹن دبا دیں۔

اب آپ "String Table" ڈائیریکٹری "Expend" (ڈبل کلک کر کے) کریں اور "String No.1895" اوپن کریں۔اب آپ کو نیچے ویلیو نظر آ رہی ہوں گی آپ ویلیو نمبر "31315" جہاں "New" لکھا ہوا ہے وہاں "Create" لکھ دیں اور "Compile Script" کا بٹن دبا دیں اور فائل کو سیو کر کے کمپیوٹر کو "Restart" کر دیں اور مزے اڑائیں اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

نوٹ: مینو میں تصویر لگانے کے لیے میری کلاس نمبر "7" کا مطالعہ کریں۔




**SOHAIL AHMAD PROKA**


# Resource Hacker

## تیرھواں حصہ۔۔۔۔Part 13

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید ہے کہ تمام دوست خوش باش ہوں گے اور بھرپور انداز سے زندگی بسر کر رہے ہوں اور مجھے بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھے ہوئے ہوں گے۔دوستو! جیسا کہ آپ جانتے ہیں پچھلی تین کلاسز میں ہم نے مینو ہی ایڈٹ کیا تھا اور اس سے پہلے نو کلاسز میں ہم ڈائیلوگ ہی ایڈٹ کیے تھے لیکن آج ان دونوں سے ہٹ کر میں آپ کو "Text" چینج کرنا سکھاؤں گا۔دوستو! آج ہم چار چیزوں کی ٹیکسٹ چینج کریں گے (۱) Start Buttn (۲) New Folder (۳) Shortcut Folder (۴) Welcome دوستو! آج کی کلاس توجہ سے اٹینڈ کیجیئے گا کیونکہ آج کی کلاس بڑی مزیدار ہے تو سبھی سٹوڈنٹس اللہ کا نام لیکر "Resource Hacker" کھول لیں۔۔۔۔

دوستو! آج جو ہم چار چیزوں کی ٹیکسٹ چینج کریں گے وہ اس طرح کی ہوں گی۔۔۔





۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں /:C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کرلیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔


جاری ہے

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔





دوستو! یہ ہماری واحد کلاس ہے جس میں میں نے آپ کو پروجیکٹ نہیں دیا (ہنستے ہوئے) سبھی دوستوں نے اگر فائل اوپن کر لی ہے "String Table" ڈائیریکٹری کھول کر "String No. 1896" اوپن کریں کیونکہ ہم "New Folder" اور "New Shortcut" کی ٹیکسٹ چینج کرنے والے ہیں۔۔ "String No. 1896" اوپن ہوگئی ہے تو پہلی دونوں لائنیں جہاں نیو فولڈر اور نیو شارٹ کٹ لکھا ہوا ہے وہاں آپ اپنا نام یا کوئی بھی ٹیکسٹ لکھ لیں اور پھر۔۔ "Compile Script" کا بٹن دبا دیں اور فائل کو سیو کر کے بند کر دیں۔ ارے ہاں "Resource Hacker" کو بند نہیں کرنا کیونکہ ابھی کافی سارا کام باقی ہے اب آپ "Ctrl+O" کا بٹن دبا کر /:C ڈائیریکٹری میں جائیں اور پھر "Windows" نامی فولڈر میں جا کر "File Name Box" میں۔۔۔۔ "Explorer.exe" ٹائپ کر کے اوپن کا بٹن دبا دیں۔



# Resource Hacker

دوستو! اب ہم "Start Button" کی ٹیکسٹ چینج کرنے والے ہیں اب آپ "String Table" ڈائیریکٹری اوپن کر کے "String No.37.38" کھول کر جہاں پر "Start" لکھا ہوا ہے وہاں پر آپ اپنا نام لکھ کر "Compile Script" کا بٹن دبا کر فائل کو سیو کر فائل بند کر دیں۔ اب آپ پھر۔۔۔۔۔ "Ctrl+O" کا بٹن دبا کر C:/ ڈائیریکٹری میں جائیں اور پھر "Windows" نامی فولڈر میں جائیں اور پھر "System 32" نامی فولڈر میں جائیں اور پھر فائل نیم بوکس میں "Logonui.exe" ٹائپ کر کے اوپن کا بٹن دبا دیں۔

اب ہم "Welcome" ٹیکسٹ چینج کرنے والے ہیں اب آپ پھر "String Table" والی ڈائیریکٹری کھول کر سٹرنگ نمبر 1 اوپن کریں اور ویلیو نمبر 7 جہاں "Welcome" لکھا ہوا ہے وہاں اپنا نام لکھ لیں اور کمپائل سکرپٹ کا بٹن دبا کر فائل کو سیو کر کے ریسورس ہیکر بند کر دیں اور کمپیوٹر کو "Restart" کر دیں اور مجھے اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں کیونکہ پیپرز نزدیک ہیں (ہنستے ہوئے)




## ٹپس:

اگر یہ پروجیکٹ نارمل ونڈوز میں کام نہ کرے تو پلیز یہ سارا کام Safe Mode میں جا کر کریں۔۔۔

دوستو جب ہم "Resource Hacker" میں کسی فائل کو ایک سے زیادہ مرتبہ ایڈٹ کرتے ہیں تو جس فائل کو ہم ایڈٹ کرتے ہیں اس فائل کی ایک Orignal فائل بن جاتی ہے جسکو آپ سسٹم 32 والی لوکیشن میں جا کر ڈیلیٹ کر دیں مثلاً آج ہم نے Shell32.dll کو ایڈٹ کیا تو آپ سسٹم 32 میں جائیں تو Shell32.dll والی فائل کے ساتھ ایک فائل shell32_original.dll بن گئی ہو گی جسکو آپ ڈیلیٹ کر دیں۔ پھر بھی کوئی مسئلہ ہو تو پلیز مجھے ضرور بتایئے گا۔۔۔

**HAFIZ SOHAIL AHMAD PROKA**

# Resource Hacker



## Part 14۔۔۔۔ چودھواں حصہ

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید کہ سبھی دوست ٹھیک ٹھاک ہوں گے اور سبھی خیریت وعافیت کے ساتھ میرا آج کا تھریڈ پڑھ رہے ہوں گے۔ دوستو! میرے پچھلے تھریڈ میں ہم نے سٹارٹ بٹن ٹیکسٹ، ویلکم ٹیکسٹ، شارٹ کٹ ٹیکسٹ، نیوفولڈر ٹیکسٹ کو چینج کیا حال تھا میری پچھلی کلاس کو آپ لوگوں نے بہت پسند کیا امید کرتا ہوں کہ آپ لوگ آئندہ بھی مجھے پزیرائی بخشیں گے۔ دوستو! آج ہم "Open With" بوکس کو چینج کریں گے کیونکہ میں اپنا بورنگ "Open With" بوکس دیکھ خود بور ہوگیا ہوں اور آپ بھی بور ہوگئے ہوں گے چلئے آج ہم اپنا "Open With" بوکس چینج کرلیں تو اللہ کا نام لیکر سبھی سٹوڈنٹس "Resource Hacker" اوپن کر لیں میں نے تو اپنا ریسورس ہیکر پروگرام اوپن کرلیا ہے۔


آج جو ہم "Open With" بوکس چینج کریں گے وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔۔





۱۔ تو دوستو! سب سے پہلے "Resource Hacker" اوپن کریں پھر Ctrl+O کا بٹن دبائیں یا File مینو میں سے Open سلیکٹ کریں ایک ونڈو ظاہر ہوگی اس میں سی ڈرائیو میں جائیں :/C پھر ونڈوز نامی فولڈر میں جائیں C:/ Windows پھر سسٹم 32 نامی فولڈر میں جائیں C:/Windows/System32 اب فائل نیم بوکس میں یہ ٹائپ کریں "SHELL32.DLL" یا خود ہی یہ فائل تلاش کرلیں۔ پھر اوپن کا بٹن دبا دیں فائل اوپن ہو جائے گی۔

# Resource Hacker

مندرجہ ذیل تصویر کو دیکھیں۔۔۔۔۔۔۔۔





دوستو! سب سے پہلے اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کیجیے۔ آج اس میں تین فائلیں ہوں گی۔ (۱) Bitmap (۲) Icon ---- (۳) Code دوستو! سب سے پہلے "Action" مینو پر کلک کریں اب ایک مینو ظاہر ہوگا اس میں سے "Add a new Resource" پر کلک کریں۔ اب آپ اوپن فائل بوکس کے ذریعے "Soha ali Khan" کی وہ تصویر دیں جو ہمارے پروجیکٹ میں ہے آپ اس کی جگہ اپنی بھی تصویر استعمال کر سکتے ہیں لیکن اسی سائز کی ہونی چاہیے۔ اب آپ اوپن کر کے وہ تصویر کھولیں اب ایک بوکس ظاہر ہوگا اس میں "Resource name" والے بوکس میں "600" ٹائپ کیجیے اور "Resource Language" والے بوکس میں "1033" ٹائپ کیجیے اور پھر "Add Resource" والے بٹن پر کلک کر دیں۔ اب آپ "Dialog" ڈائیریکٹری "Expend" کر کے ڈائیلوگ نمبر "1063" کھولیں اور تمام کوڈ سلیکٹ کر کے ختم کر دیں اور ہمارا نیا کوڈ (پروجیکٹ والا) پیسٹ کر کے کمپائل سکرپٹ کا بٹن دبا دیں۔ اب آپ "Icon Group" والی ڈائیریکٹری "Expend" کریں اور "Icon No.134" کو کھولیں اور پھر "1033" پر رائٹ کلک کر کے "Replace Resource" پر کلک کر دیں اب آپ اوپن فائل بوکس کے ذریعے ہمارا پروجیکٹ والا "Icon" سلیکٹ کریں اور نچلی جانب ایک "Replace" کا بٹن ہوگا وہ آپ دبا دیں۔ اور اب آپ فائل کو سیو کر کے بند کر دیں اور کمپیوٹر "Restart" کر دیں اور اپنے بھائی کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔




# Resource Hacker

## ( Pic 1 )




## Pic 2




**HAFIZ SOHAIL AHMAD PROKA**

# Resource Hacker





## پندرھواں حصہ۔۔۔۔Part 15

السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید کرتا ہوں سبھی دوست ٹھیک ٹھاک ہوں گے۔دوستو! آج کافی مہینوں بعد کلاس لکھنے کی جسارت کر رہا ہوں۔اس کی ایک وجہ ایگزیمز میں مصروفیت اور کچھ دوسرے معاملات ہیں۔دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "Open With Box" ایڈٹ کیا تھا جو کہ یقیناً آپ سب لوگوں نے پسند کیا اس کا ثبوت آپ کی ریپلائیز ہیں۔دوستو! آج کی کلاس میں ہم کچھ انوکھا کام کرنے والے ہیں۔کچھ پروگرامز ایسے ہوتے ہیں جو کہ ہمیں بہت پسند۔۔ ہوتے ہیں اور ہم انہیں بار بار کھولتے ہیں اور ان پر ورک کرتے ہیں لیکن دوستو! ان پروگرامز کو کھولنے میں کچھ وقت بھی ضائع ہوتا ہے لیکن دوستو! آج کی ٹپ۔ سے ہم صرف ایک کلک سے اپنا فیورٹ پروگرام سٹارٹ کریں وہ بھی صرف رائٹ کلک کی مدد سے۔تو چلو سبھی سٹوڈنٹ اتنے مہینوں بعد پھر سے ریسورس ہیکر۔۔ اوپن کر لیں۔(میں نے اوپن کر بھی لیا ہے)

آج جو ہم شارٹ کٹ "Desktop Menu" میں ایڈ کریں گے وہ اسطرح کا ہوگا۔۔۔۔





تو جناب! کیسا لگا آج کا ہمارا شارٹ کٹ دوستو! یہ کام مشکل نہیں ہے بس تھوڑی سی توجہ کی ضرورت ہے۔آپ اپنے کسی بھی فیورٹ پروگرام کو۔۔۔ "Menu" میں ایڈ کر سکتے ہیں اور صرف ایک کلک کے ساتھ اوپن کر سکتے ہیں۔ہاں یار یاد آیا اس کی شارٹ کٹ بھی بنا سکتے ہیں اس کی "Short Cut" "F1" ہے۔


جاری ہے

# Resource Hacker

تو چلیں شروع کرتے ہیں آج کا کام سب سے پہلے اس پروگرام کی "Exe File" کاپی کریں جسکا آپ شارٹ کٹ بنانا چاہتے ہیں مثلاً میں نے "Swish Max 2.0" کی "Exe File" کاپی کی۔ نیچے تصویر دیکھیں۔




تو دوستو! اب آپ "Start Menu" پر جا کر "Run" کمانڈ پر کلک کریں اور درج ذیل ایڈریس لکھ کر "OK" کمانڈ پر کلک کر دیں اور کاپی کی گئی فائل کو وہاں پیسٹ کر دیں اور وہاں ایک "HelpCtr.exe" نامی ایک فائل ہوگی وہ ڈیلیٹ کر دیں اور جو فائل ہم نے پیسٹ کی تھی اسکا نام۔۔۔۔۔۔۔ "HelpCtr.exe" رکھ دیں۔



# Resource Hacker

تو دوستو! مزید "Explain" کے لیے درج ذیل تصاویر دیکھیں۔۔۔




اسے ڈیلیٹ کر دیں۔

اس کا نام "HelpCtr.exe" رکھ دیں۔


اب "Resource Hacker" اوپن کریں اور اس میں "Shell32.dll" والی فائل اوپن کریں اور اب آپ "Menu" والی ڈائیریکٹری "Expend" (ڈبل کلک کر کے) کر کے "Menu No.215" کھول کر تمام کوڈ ڈیلیٹ کر کے ہمارے پروجیکٹ والا کوڈ پیسٹ کر دیں۔
اس کے بعد "Compile Script" کا بٹن دبا کر "Resource Hacker" کے فائل مینو پر کلک کر کے "Save As" کے ذریعے فائل کو ڈیسک ٹاپ پر "Shell32.dll" کے نام سے سیو کرا دیں۔ اب آپ "Resource Hacker" کو بند کر دیں۔ اور ہمارے آج کے پروجیکٹ میں موجود "Replacer" پروگرام کو اوپن کریں۔۔۔

## نئی اصطلاح:


دوستو! آج تک ہم فائل کو سیو کراتے آئے ہیں۔ کچھ نئے دوستوں کی شکایت تھی کہ فائل سیو کیسے ہوتی ہے تو آج میں ان سب کے آسان طریقہ لیکر آیا ہوں۔ سب سے پہلے آپ ہمارے آج کے پروجیکٹ میں موجود "Windows File Protection" سوفٹ ویئر اوپن کر کے "Patch" کے بٹن پر کلک کر کے ونڈوز کی "File Protection" ڈس ایبل کرنے کے لیے "Yes" بٹن پر کلک کر دیں اور اگر پہلے سے ڈس ایبل ہے تو "No" پر کلک کر دیں۔ اب آپ اس لوکیشن پر جا کر ("C:\WINDOWS\system32") "Shell32.dll" نامی فائل کو ڈریگ کر کے "Replacer" سوفٹ ویئر میں ڈال دیں اب آپ ڈیسک ٹاپ پر موجود جو فائل ہم نے بنائی ہے اب وہ آپ ڈریگ کر کے "Replacer" میں ڈال دیں اور "Enter" کا بٹن دبا دیں اور پھر آپ سے فائل کو "Overwrite" کرنے کے بارے میں پوچھا جائے گا آپ "Y" دبا دیں۔

# Resource Hacker

تو دوستو! مزید "Explain" کے لیے درج ذیل تصاویر دیکھیں۔۔۔




## 2nd




جاری ہے

# Resource Hacker

چلیئے جناب ہمارا کام مکمل ہوگیا ہے اب آپ کمپیوٹر کوری سٹارٹ کردیں اور مزے اڑائیں اور ہاں دوستو! یہ ٹپ بعض پروگرامز پر کام نہیں بھی کرے گی لیکن زیادہ تر پروگرامز پر کام کرے گی تقریبا 95% پروگرامز پر کام کرے گی۔ اب ہم آئندہ بھی فائل کو "Replace" کیا کریں گے اس لیے آپ "Replace" کرنے کا طریقہ مزید اچھی طرح سے سمجھ لیں اور ہاں آپ جتنی زیادہ ریپلائیز کریں گے اتنی ہی جلدی میں نیکسٹ کلاس پوسٹ کروں گا۔ خدا حافظ

آپکی ریپلائیز کا منتظر:

## حافظ سہیل احمد پروکا بصیرپور

# Resource Hacker

## Part 16۔۔۔۔سولہواں حصہ


السلام وعلیکم!

دوستو! کیا حال ہے امید کرتا ہوں کہ سبھی ٹھیک ٹھاک ہوں گے اور ہنسی خوشی زندگی بسر کر رہے ہوں گے۔ دوستو! سب سے پہلے تو میں مینجمنٹ کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ممبرز کی دلچسپی کو دیکھتے ہوئے یہ مناسب سمجھا کہ اس کورس کے لیے ایک علیحدہ سیکشن بنایا جائے۔ میں تمام مینجمنٹ کا شکر گزار ہوں۔ دوستو! بہت سے ممبرز پی۔ ایم کر کے مجھ سے پوچھتے ہیں کہ اس کورس کی کتنی کلاسز ہیں اور یہ کب کمپلیٹ ہوگا اور ہماری ونڈوز کب تیار ہوگی اور کب ہم اسے سی۔ ڈی پر رائٹ کر کے اپنی ونڈوز انسٹال کر سکیں گے؟ میں ان تمام دوستوں کو بتانا چاہتا ہوں کی ہمارے اس کورس کی تقریبا23 سے 25 کلاسز ہو جائیں گی اور آپ صبر سے کام لیں انشاء اللہ بہت جلد ہی ہم اس کورس کو کمپلیٹ کر لیں گے۔


دوستو! پچھلی کلاس میں ہم نے "Context Menu" میں اپنا فیورٹ پروگرام کی شارٹ کٹ ایڈ کی تھی۔ جو کہ یقیناً آپ سبھی نے پسند کی اس کا ثبوت آپکی "Replies" ہیں۔ دوستو! پچھلی تمام اہم کلاسز کی طرح آج کی کلاس بھی بہت اہم ہے جسے میں نے بہت محنت کے بعد آپ کے لیے تیار کیا ہے۔


دوستو! آج کی کلاس میں ہم نے "Desktop" کی "Display Properties" کو ایڈٹ کریں گے اور یقیناً آپ بھی آج کی کلاس کو انجوائے کریں گے۔

آج جو ہم "Desktop" کی "Display Properties" کو ایڈٹ کریں گے وہ ایسی ہوگی۔۔۔۔





# Resource Hacker




# Resource Hacker



# Resource Hacker


تو چلو دوستو! کافی ہوگئیں باتیں اب کچھ کام بھی کر لیتے ہیں! تو سبھی سٹوڈنٹس اپنا ریسورس ہیکر اوپن کر لیں اور "Shell32.dll" فائل کو اوپن کر لیں۔ اب آپ "Action Menu" میں آئیں اور سب سے آخری اوپشن "Add a New Resource....." پر کلک کریں۔ اب آپ اوپر دیے گئے لنک سے ہمارا آج کا پروجیکٹ ڈاؤن لوڈ کریں اور اسے ایکسٹریکٹ کریں۔ اب آپ دوبارہ ریسورس ہیکر میں آجائیں اور ہمارا جو ڈائیلوگ کھلا ہے اس میں۔۔ "Open file with a new Resource" پر کلک کردیں اب ہمارے پروجیکٹ میں موجود "Bitmap" نامی فولڈر کو اوپن کریں اور اس میں جو "8886" نامی "Bitmap" موجود ہے اس پر ڈبل کلک کردیں۔ اب ایک "Dialog" اوپن ہوگا اس میں "Resource Name" والے بوکس میں "8886" ٹائپ کریں اور "Resource Language" والے بوکس میں 1033 ٹائپ کریں اور "Add a new Resource" والے بٹن پر کلک کردیں۔ اب آپ "Dialog" والی ڈائیریکٹری میں "Dialog No.29952" اوپن کریں اور تمام کوڈ کو سلیکٹ کر کے "Delete" کردیں اور اب پھر ہمارے پروجیکٹ میں موجود "Code" والے فولڈر میں موجود تمام کوڈ کاپی کر کے اس ڈائیلوگ میں پیسٹ کردیں اور "Compile Script"۔۔ والے بٹن کو دبا کر ریسورس ہیکر کے "File" مینو پر کلک کریں اور پھر "Save file as" پر کلک کریں اور فائل کو ڈیسک ٹاپ پر "Shell32.dll" کے نام سے سیو کروادیں۔




کوڈ پیسٹ کرنے سے ڈائیلوگ ایسا ہوجائے گا

# Resource Hacker

اب آپ "Resource Hacker" کو بند کر دیں اور ہمارے پروجیکٹ میں موجود "Replace" سوفٹ ویئر کو اوپن کریں۔ اب آپ تو فائل کو "Replace" کرنا تو سیکھ چکے ہوں گے۔ اب آپ ایسا کریں کہ "C:/Windows/system32.shell32.dll" والی ڈائیریکٹری میں "Shell32.dll" کو ڈریگ کر کے "Replacer" سوفٹ ویئر میں ڈال دیں اب آپ "Shell32.dll" والی فائل کو جو کہ ڈیسک ٹاپ پر پڑی ہے وہ بھی "Replacer" سوفٹ ویئر میں دال دیں اور پھر "Y" کا بٹن دبا دیں اور پھر کوئی بھی بٹن دبا دیں۔




اب آپ ہمارے پروجیکٹ میں موجود "Themeui.dll" والی فائل کو کاپی کر کے ڈیسک ٹاپ پر پیسٹ کر دیں اور "Replacer" سوفٹ ویئر اوپن کریں اب "C:/Windows/system32./themeui.dll" والی ڈائیریکٹری میں جائیں اور "Themeui.dll" والی فائل ڈریگ کر کے "Replacer" سوفٹ ویئر میں ڈال دیں اور "Enter" کا بٹن دبا دیں اب آپ ڈیسک ٹاپ پر موجود "Themeui.dll" والی فائل کو ریپلیسر سوفٹ ویئر میں دال دیں اور "Enter" کا بٹن دبا دیں اور پھر "Y" کا بٹن دبا دیں اور پھر کوئی سا بھی بٹن دبا دیں اب آپ کمپیوٹر کو "Restart" کر۔۔ دیں اور مزے اڑائیں اور ہاں مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا اور ریپلائی ضرور کریں۔

آپکی ریپلائیز کا منتظر:

**حافظ سہیل احمد پروکا بصیرپور**